اگرچہ مشہور فرانسیسی مصنف اندرے موروا کی ایک کتاب سے ماخوذ ہے لیکن لائق مصنف نے اس میں قدیم اردو شاعری کے آخری دور پر ایسے لطیف طنز میں اپنے تاثرات قلمبند کئے ہیں کہ ایک مرتبہ کتاب کا مطالعہ شروع کردینے کے بعد اُسے ختم کئے بغیر بند کردینے کو جی نہیں چاہتا۔ اندازِ بیان شیریں دلچسپ اور فصاحت آمیز ہے۔ اردو کی پرانی بے مغز شاعری پر یہ طنزیہ تبصرہ اپنی نوعیت میں پہلی چیز ہے۔ اس طرح کی کتابیں اردو ادب کے ذخیرے میں نمایاں وقعت کی مستحق ہیں۔ البتہ افعی اور نوشابہ کے تعلق خاطر سے متعلق مصنف نے جو کچھ لکھا ہے وہ افسانوی کردار کی حیثیت سے نامکمل ہے۔ افعی دیوانہ ہوا تھا۔ تو اسکی دیوانگی کو بحدِ کمال پہنچنا چاہئے تھا۔

تاریخ ادب اردو | مرتبہ ڈاکٹر سید محی الدین صاحب زور تقطیع خورد ضخامت ۷۶ اصفحات کتابت طباعت اور کاغذ معمولی قیمت ۸؍ پتہ:۔ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد دکن

ڈاکٹر زور نے ادارۂ ادبیات کی ایک اسکیم کے ماتحت ادب اردو کی ایک مبسوط و مفصل تاریخ مرتب کی ہے لیکن ابھی اس کے چھپنے میں دیر تھی اس لئے ادارہ کی فرمائش پر آپ نے اب یہ مختصر تاریخ ادب اردو' اردو زبان کے امتحانات اور اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ کے لئے مرتب کی ہے۔ اس کتاب میں اردو زبان کی اجمالی تاریخ۔ اس کا عہد بعہد ارتقار مشہور مصنفوں اور اداروں کے حالات اور ہر دور کی نثر و نظم کا تذکرہ مستند کتابوں اور معلومات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اس قابل ہے کہ مختلف مدارس اور کالجوں کے اردو نصاب میں شامل کی جائے۔

نمودِ زندگی | مرتبہ سید علی منظور صاحب حیدرآبادی تقطیع خورد ضخامت ۲۰۷ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ متوسط قیمت عہ؍ پتہ:۔ ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد دکن۔

سید علی منظور صاحب حیدرآباد دکن کے جدید پختہ مشق اور مشہور شاعر ہیں۔ یہ کتاب آپ کے ہی کلام کا مجموعہ ہے جس میں نظمیں، غزلیں، رباعیات اور قطعات سب ہی کچھ ہیں۔ منظور صاحب کے کلام کی خصوصیت سادگی و پرکاری ہے اس کے علاوہ تغزل کے جدید رجحانات آپ کی شاعری میں